© rasailojaraid.com



کیجیے۔ یہی ایک واحد دانشمندانہ راہِ عمل ہمارے لیے رہ گئی ہے۔

موجودہ اسمبلی کے بیکار محض اور از کار رفتہ ہونے کے بارے میں وزنی دلائل بعض سیاسی رہنماؤں اور اخبارات نے دیے ہیں انہیں یہاں دہرانے کی ضرورت نہیں۔ ہم تو صرف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر اس اسمبلی کو جو ختم ہو چکی ہے زور زبردستی کے طریقوں سے برقرار رکھا گیا تو یہ کارروائی ہمیں صحیح جمہوریت کی جانب لے جانے میں ایک سنگین رکاوٹ بن جائے گی۔ یہ جمہوریت کے نام پر جمہوریت کا راستہ روکنا ہوگا کیونکہ جمہوریت کی جانب ہمارا سفر نئے انتخابات کے بعد ہی شروع ہو سکتا ہے اس سے جمہوریت کی منزل دیر آید سہی لیکن درست آید ہوگی اور سب سے بڑھ کر یہ فائدہ ہوگا کہ پچھلے الیکشن میں ہم نے اپنے معاشرہ کو بلو کراس کا جو زہر کھلایا ہے اس سے مکمل نجات حاصل کر سکیں گے اور اسمبلی کو برقرار رکھنے کا مطلب اس زہر کو برقرار رکھنا ہے۔ یہ زہر اگر ہمارے جسد سیاسی میں باقی رہا تو یہ جمہوریت کا نہیں ہلاکت کا سامان ہوگا۔

(شکریہ روزنامہ "جسارت" کراچی)

---

حال ہی میں خبر آئی ہے کہ محکمہ اوقاف ان اداروں کو بھی اپنی تحویل میں لینے کے بارہ میں سوچ رہا ہے جو ہنوز اس کے "سایہ عاطفت" میں نہیں آئے۔ ہمیں اس وقت اس بات سے بحث نہیں کہ محکمہ اوقاف کا یہ اقدام درست ہے یا نہیں۔ بلکہ ہم اس وقت محکمہ اوقاف کے کارپردازوں سے خصوصاً اور اربابِ حکومتِ پاکستان سے عموماً اس سوال کا جواب چاہتے ہیں کہ کیا وجہ ہے کہ حکومت اور اس کے قائم کردہ محکمہ اوقاف نے بلا رعایت ہر گروہ اور ہر فرقے کے دینی اداروں، مدارس، مکاتب، مساجد اور ان کی املاک تو اپنی تحویل میں لے لیا اور ان کی آمدنی پر اپنے پہرے بٹھا دیے لیکن ایک مخصوص مذہب کے تمام ادارے اور اس کی تمام املاک اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔ اب جب کہ ان اداروں پر بھی قدغن لگانے کے متعلق سوچا جا رہا ہے جن کی اپنی کوئی پراپرٹی نہیں اور جن کا تمام بار چند حضرات کے کندھوں پر ہے۔ تب: اس مذہب کے ان بے پناہ سرمایہ داروں کے بارے میں کیوں لب کشائی نہیں کی جاتی؟ ہماری مراد ہندوستانی نبی مرزا غلام احمد آنجہانی کی امت اور ان کی جماعت سے ہے جنہوں نے حکومت پاکستان کے اندر رہتے ہوئے

© rasailojaraid.com

